USAID
امریکی عوام کی طرف سے

University of
veterinary & Animal
Sciences Lahore

DRDF | Dairy and Rural Development Foundation

نصاب برائے وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر (WLEW)

تربیتی کورسی کے کتابچوں کا مکمل تعارف

ڈیری پراجیکٹ

DAIRY PROJECT

نصاب برائے وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر (WLEW)

تربیتی کورسی کے کتابچوں

کا مکمل تعارف

Disclaimer

This publication is made possible by the support of the American people through the United States Agency for International Development (USAID). The views expressed in this publication are the authors' views and they do not necessarily reflect the opinion of USAID or the United States Government.

ISBN : 978-969-9170-13-3
نظر ثانی شدہ طباعت
اشاعت زیر اہتمام

ڈیری پراجیکٹ

نصاب برائے وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر (WLEW)

مصنفہ: ڈاکٹر ثوبیہ ناہید
مصنف: پروفیسر ڈاکٹر محمد ظفر اقبال

بشکریہ : یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز
معاشرتی و دیہی ترقی بذریعہ لائیوسٹاک ڈویلپمنٹ و قرضہ جات (پراجیکٹ)
ایڈیٹر : شاذیہ اسلام

اس کتابچے کی کسی بھی قسم کی خرید و فروخت اور ترسیل
ادارے کی پیشگی اطلاع اور مرضی سے کی جا سکتی ہے۔

DRDF Dairy Project Office (PMU)
Room # 2, 1st Floor, 172 Tufail Road,
The Mall of Lahore, Cantt Lahore.
PH: 042-36622340-3, Fax: 042-36622344
www.dairyproject.org
info@dairyproject.org

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
-1	تعارف	4
-2	خصوصی مقاصد	5
-3	نصابی کتابچے اور اُن کے عمومی مقاصد	6
-4	جانور کو قابو کرنے کے طریقے	7
-5	صحت	7
-6	بیماری	8
-7	افزائشِ نسل	8
-8	تکنیکی تدابیر	9
-9	نوزائید کی دیکھ بھال	9
-10	غیر متعدی بیماریاں	10
-11	متعدی بیماریاں گائے/ بھینس	10
-12	متعدی بیماریاں بھیڑ/ بکری	11
-13	حفاظتی ٹیکہ جات	11
-14	ادویات	12
-15	طفیلیات	12
-16	ڈیری فارمنگ	13
-17	دودھ	13
-18	مرغبانی	14
-19	بھیڑ بکریوں کی فارمنگ	15

تعارف

تعلیم، ہنر اور مہارت ایسی خوبیاں ہیں جو کسی بھی انسان کی شخصیت کو بہتر بنانے میں انتہائی معاون ثابت ہوتی ہیں۔ اگر صرف تعلیم ہو مگر اس کے ساتھ ہنر اور مہارت نہ ہو تو ایسی تعلیم آپ کے لیے خاطر خواہ کامیابیاں حاصل نہیں کر سکتی۔ بالکل اسی طرح اگر ہنر اور مہارت، تعلیم کے بغیر ہو تو آپ اُدھورا پن محسوس کرتے ہیں۔

آج کل کا دور انتہائی تیز رفتار ترقی، سائنس اور ٹیکنالوجی کا دور ہے۔ ترقی کے اس دور میں عورتیں مردوں کے شانہ بہ شانہ کام کر رہی ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ذہانت، علم اور عقل میں عورتیں کسی بھی طرح مردوں سے کم تر نہیں، لہذا ضرورت اب اس اَمر کی ہے کہ ان کی تمام صلاحیتوں کو بہترین انداز میں اُجاگر کیا جائے۔

خصوصی مقاصد

ہماری دیہی خواتین اگرچہ علمی لحاظ سے پسماندہ ہیں مگر ان میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں۔ ان صلاحیتوں کو اگر علم اور ہنرمندی کے سانچے میں ڈھال دیا جائے تو دیہی خواتین اپنے لیے ترقی اور خوشحالی کا ایک نیا دروازہ کھول سکتیں ہیں، جو نہ صرف ان کی ذاتی اور خاندانی بلکہ مجموعی طور پر ملکی فلاح و بہبود کا ضامن ہوگا۔ ڈیری پراجیکٹ ایک ایسا جامع منصوبہ ہے جس کے تحت ہماری دیہی خواتین جانوروں کی ہر طرح کی دیکھ بھال سائنسی اور تکنیکی بنیادوں پر کرسکیں گی۔

ڈیری پراجیکٹ نے انہی خواتین کی علمی پسماندگی دور کرنے کے لیے اس تربیتی کورس کا آغاز کیا ہے۔ یہ تربیتی کورس **4** ہفتوں میں مکمل ہوگا۔ اس دوران ہر **وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر** کو مختلف عنوانات پر مشتمل کتابچوں کے ذریعے تعلیم دی جائے گی ۔ **وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر** کا ابتدائی تربیتی کورس مندرجہ ذیل عنوانات پر مشتمل ہوگا، جس کا مقصد انہیں اس قابل بنانا ہے کہ وہ اپنے جانوروں کی دیکھ بھال، بیماریوں کی تشخیص، ان کا علاج کرسکیں اور ان جانوروں کی بدولت اپنے ذرائع آمدنی بڑھانے کے ابتدائی مراحل سیکھ اور سمجھ سکیں۔ یہ کتابچے ہر لحاظ سے ان کیلئے کارآمد و مفید ثابت ہوں گے۔

نصابی کتابچے اوران کے عمومی مقاصد

وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کی بہتر تربیت کے لئے ان نصابی کتابچوں کو اہمیت کے لحاظ سے آسان زبان میں مرتب کیا گیا ہے ۔ انہیں مرحلہ وار پڑھنے کے بعد ایک **وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر** بتدریج اپنے جانوروں کی دیکھ بھال اوران کی حفاظت کرنا سیکھ لے گی ۔ ان کتابچوں کی ایک خوبی ان کا رنگین اور باتصور ہونا ہے تا کہ تمام طالبات تصاویر کے ذریعے پڑھایا جانے والا موادبآسانی سمجھ سکیں ۔ ان نصابی کتابچوں کی ترتیب مندرجہ ذیل ہے:۔

1۔ جانور کو قابو کرنے کے طریقے

جانور کے مشاہدے، معائنے اور اس کے علاج سے قبل مویشی کو قابو کرنا ضروری ہے۔ اس تربیتی کورس کا یہ پہلا کتابچہ ہے۔ اس کے ذریعے وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کو مختلف جانوروں کو قابو کرنے کے تکنیکی اور روایتی طریقے پڑھائے جائیں گے۔ ہر طریقہ تصاویر کی مدد سے واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

2۔ صحت

ہر کسان بہن/ بھائی کی اولین ترجیح اس کے صحت مند مویشی ہوتے ہیں۔ مویشیوں کی صحت ان کے لیے بے حد اہمیت رکھتی ہے۔ اس کتابچے کے ذریعے وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کو سکھایا جائے گا کہ مویشیوں کی صحت برقرار رکھنا کیوں ضروری ہے اور یہ امور کیسے انجام پا سکتے ہیں۔

3۔ بیماری

بیمار جانور بتدریج یا اچانک موت کا شکار ہو کر کسانوں کے لیے بے حد مشکلات کا باعث بنتا ہے جانوروں میں مختلف اقسام کی بیماریاں پائی جاتی ہیں۔ ان بیماریوں کی شناخت اور پہچان بے حد ضروری امر ہے۔ اگر دیہاتی عورت یہ کام اچھے طریقے سے اور بروقت انجام دے لے تو ایک بڑے مالی نقصان سے اپنے خاندان کو بچا لیتی ہے یہ کتابچہ ایسے ہی چند اہم اور بنیادی پہلوؤں کی نشاندہی کرے گا۔

4۔ افزائش نسل

مویشیوں کی صحت مند نسل حاصل کرنے کیلئے افزائش نسل سے متعلقہ امور کے بارے میں وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کو کافی زیادہ معلومات کا ہونا بے حد ضروری ہے۔ مادہ اور نر دونوں کا صحت مند اور بیماریوں سے محفوظ ہونا بہت اہمیت رکھتا ہے۔ بہترین خصوصیات کا حامل ایک نر جانور افزائش نسل اور بار آوری کے ذریعے کس طرح ایک کسان کے ذرائع آمدنی بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ تفصیل اس کتابچے میں درج ہے۔

5۔ تکنیکی تدابیر



دیہی خواتین میں جانوروں کی عمومی تکالیف کی روک تھام سے متعلق شعور اجاگر کرنا لائیوسٹاک کی بہتری اور ترقی کے لئے بہت ضروری ہے۔اس کتابچے کے ذریعے وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کو ایسی تکنیکی تدابیر سکھائی جائیں گی جنہیں وہ ضرورت پڑنے پر اختیار کر سکیں اس کے علاوہ یہ کتابچہ ٹوٹے ہوئے سینگ کی دیکھ بھال، دم پر موری لگنا اور جانوروں کی عمر معلوم کرنے کے بارے میں بھی آگہی فراہم کرتا ہے۔ اسی کتابچہ میں آپ پڑھیں گی کہ زخم کی بروقت اور درست دیکھ بھال اور علاج نہ کیا جائے تو یہ ایسا ناسور بن جاتا ہے جو جانور کی موت، شدید بیماری یا اس کے بے کار ہو جانے کے انجام تک جا پہنچاتا ہے لہذا ایک وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کے لیے ضروری ہے کہ زخموں کی مختلف کیفیات اور علامات پہچان سکے اور علاج کر کے جانور کو مزید تکلیف اور مالی نقصان سے بچا سکے۔

6۔ نوزائیدہ کی دیکھ بھال

بچہ خواہ انسان کا ہو یا جانور کا، ہر وقت دیکھ بھال، توجہ اور نگہداشت چاہتا ہے۔ پیدائش سے پہلے اور فوراً بعد نوزائیدہ کی دیکھ بھال، اس کی صحت، اسے بیماریوں سے بچانا، اس کی مناسب خوراک اور چارے کا انتظام، اس کی رہائش اور باڑے وغیرہ کا بندوبست کرنا، یہ سب اس کتابچے کے اہم پہلو ہیں۔

7۔غیر متعدی بیماریاں

متعدی اور غیر متعدی بیماریوں میں واضح فرق ہوتا ہے اس فرق کو پہچاننا اور علامات کو سمجھنا بہت ضروری ہے اور اس ذمہ داری کو بحسن وخوبی انجام دینا ایک وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کی تربیت کا لازمی حصہ ہے ۔ اس کتابچے کی بدولت وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر اہم غیر متعدی بیماریوں کے متعلق علم اور علاج مصالجہ سیکھے گی۔

8۔متعدی بیماریاں

گائے/بھینسوں میں متعدی امراض اور ان کا علاج

متعدی امراض ایک جانور سے دوسرے جانور میں تیزی سے منتقل ہوتے ہیں۔ یہ صورت حال بے حد خطرناک ہوتی ہے۔ اگر اس کا بروقت تدارک نہ کیا جائے تو ریوڑوں کے ریوڑ ختم ہو سکتے ہیں۔ ایک وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کے لئے ان امراض کی شناخت، علامات اور علاج کا سیکھنا بے حد اہمیت کا حامل ہے۔فوری اور بروقت علاج کی صورت میں جانوروں میں ان امراض کا پھیلاؤ روکا جا سکتا ہے ۔ اس کتابچے میں گائے / بھینسوں میں پائے جانے والے چند اہم متعدی امراض کے بارے میں آگہی دی جائے گی۔

9۔متعدی بیماریاں

بھیڑ/بکریوں میں متعدی امراض اوران کا علاج

بھیڑ/ بکریوں میں پائے جانے والے متعدی امراض، ان کی علامات، علاج اور ان جانوروں کا بروقت علاج نہ ہونے کی صورت میں متوقع نقصانات سے بچاؤ اور تدابیر اختیار کرنا ایک وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کی تربیت کا اہم حصہ ہے۔ یہ کتابچہ ان ہی نکات پر مشتمل ہے۔

10۔حفاظتی ٹیکہ جات



حفاظتی ٹیکہ جات بیماریوں کی پیش بندی اور ابتدائی سطح پر ہی روک تھام کا موثر ذریعہ ہیں۔ان ٹیکہ جات کا تعین، مقدار اور استعمال سیکھنا وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کی تربیت کا اہم پہلو ہے۔ایک سمجھ دار اور ہنر مند عورت اپنے جانوروں کو ان حفاظتی ٹیکوں کی مدد سے مختلف امراض سے قبل از وقت بچا سکتی ہے۔

11۔ادویات

بیماری کی صورت میں جانوروں کے علاج کے دو طریقے رائج ہیں: ایک جدید اور تکنیکی، دوسرا روایتی اور دیسی طریقہ۔ اس کتابچے میں وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کو بوقت ضرورت جانوروں کے بنیادی امراض میں استعمال کی جانے والی چند اہم ادویات اور ان کے طریقہ استعمال کے بارے میں آگہی دی گئی ہے۔

12۔طفیلیات

جانوروں میں متعدی اور غیر متعدی امراض کے علاوہ ایسی بیماریاں بھی پائی جاتی ہیں جو مختلف کرموں کے باعث پیدا ہوتی ہیں۔ جانور پالنے اور ان کی دیکھ بھال کرنے والے کسان بھائیوں/ بہنوں کے لئے ان کرموں کی بیماریوں، علامات اور ان کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کا جاننا بے حد ضروری ہے۔ ''طفیلیات'' کے عنوان سے مرتب کیا جانے والا یہ کتابچہ اس ضمن میں آپ کو معلومات فراہم کرے گا۔

13۔ڈیری فارمنگ



جانوراور پرندے انسانوں کے لیے قدرت کا ایک انمول عطیہ ہیں۔اس نعمت سے بہت سے فوائد اور مزید غذائیں حاصل ہوتی ہیں، جو انسان کی صحت اور توانائی کے لیے بے حد اہم ہیں۔ دیہات کے لوگوں کے لئے دودھ، مکھن، گھی، بالائی، انڈے وغیرہ کاروبار اور روزگار کے بہترین ذرائع ہیں۔اس کتابچے کے ذریعے وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر ڈیری کے جانوروں سے بہتر پیداوار حاصل کرنے کے گُر سیکھ سکیں گی۔

14۔دودھ

دودھ ایک اہم ترین قدرتی غذا ہے۔خالص اور صحت بخش دودھ کا حصول ہر انسان کی اولین ترجیح ہے۔ ہمارے کسان بھائی/ بہنیں خالص دودھ کی فراہمی کو ایک کاروباری صورت میں سنبھالے ہوتے ہیں۔دودھ کے حصول اور اس کی فراہمی میں باہم ربط قائم رکھنا کسان کے لیے ایک منافع بخش کاروبار ہے۔ اس کاروبار کو تکنیکی اور جدید خطوط پر بہتر بنانے کے لیے بہت سی تدابیر اور احتیاطوں کی ضرورت ہے، جو آپ اس کتابچے میں پڑھیں گی۔

15۔مرغبانی



اس کاروبار کے دو مقاصد ہیں:

اوّل: مرغیوں سے تازہ صحت بخش اور معیاری گوشت حاصل کرنا، جس کی مانگ آج کل زوروں پر ہے۔

دوئم: انڈوں کا حصول جو بہت سی غذاؤں کا اہم اور لازمی جزو ہیں۔

یہ کتابچہ ان دونوں مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے تاکہ وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر اپنے تربیتی کورس کے دوران مرغیوں کی درست اور معیاری نگہداشت پرورش اور افزائش کے طریقے سیکھ سکیں۔

اس کے علاوہ، مرغیوں میں وائرس اور انفیکشنز بہت تیزی سے پھیلتے ہیں، جن سے بچاؤ کی تدابیر اختیار کرنا بے حد ضروری ہے۔ ذرا سی لاپرواہی ایک کسان کے لیے ایک بڑے مالی نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ لہذا اس کتابچے میں وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کو مرغیوں میں پائے جانے والے چند اہم مسائل اور ان کے حل کے بارے میں آگہی دی گئی ہے۔

16۔ بھیڑ بکریوں کی فارمنگ

بھیڑ/بکریاں پالنا ہمارے دیہات میں بہت عام ہے۔ بکری کو تو غریب کی ''گائے'' بھی کہا جاتا ہے۔ بھیڑ/بکریوں کی دیکھ بھال زیادہ تر خواتین ہی کے ذمہ ہوتی ہے لہذا اس کتابچے کا مقصد ان خواتین کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ ان کی دیکھ بھال بہتر طریقے سے کر سکیں گی۔

مندرجہ بالا تمام تفصیل کا مقصد یہ ہے کہ ایک وومن لائیوسٹاک ایکسٹینشن ورکر کو اپنی تربیت کے آغاز میں اس کورس کے پہلوؤں اور مقاصد کا علم ہونا چاہیے۔ اس طرح اس کی دلچسپی برقرار رہے گی اور وہ بہتر طور پر سیکھنے کی کوشش کرے گی۔

اہم نکات

بہتر تربیت، اعلیٰ ہنر اور آپ کی محنت
دے بہترین سہولیات اور خوشحالی کی ضمانت

تربیت کے فوائد اور مقاصد

- منتخب پراجیکٹ ایریا میں تربیت یافتہ دیہی خواتین کی بروقت اور بہتر بنیادی ایکسٹینشن خدمات جیسے دواؤں کی فروخت ویکسینیشن، بنیادی علاج معالجہ کے ذریعے مویشیوں کی صحت، پیداوار اور افزائش کو بہتر بنانا۔
- پراجیکٹ ایریا میں اچھے دودھ کی پیداوار میں مناسب حد تک اضافہ
- دیہی خواتین کو تکنیکی تربیت کے ذریعے مویشی بانی، ونڈا فروخت کرنا، دودھ اکٹھا کرنا، مرغبانی اور ڈیری سے متعلق دیگر چھوٹے کاروبار کرنے کے طریقے سکھانا تاکہ انہیں معاشی اعتبار سے خودمختار بنایا جاسکے۔
- لائیوسٹاک و ڈیری سیکٹر کی ترقی کے ذریعے گھرانوں کو معیاری خوراک کی فراہمی اور دیہی سطح پر مجموعی ترقی و خوشحالی میں اضافہ

DRDF Dairy Project Office (PMU)
Room # 2, 1st Floor, 172 Tufail Road,
The Mall of Lahore, Cantt Lahore.
PH: 042-36622340-3, Fax: 042-36622344
www.dairyproject.org
info@dairyproject.org

Designed & Printed by GENERA 042 37586064